مورخہ 19-07-2023

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | حکومت ہنہ اوڑک میں نقصانات کے ازالہ کیلئے خصوصی پیکیج دے، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی حکومت نے اہم کامیابیاں حاصل کیں | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | الیکشن میں تاخیر کی باتیں بے بنیاد ہیں، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | معاشرے کی بہتری کیلئے انفرادی کی بجائے اجتماعی کوششوں کو پروان چڑھانا ہوگا، ربابہ بلیدی | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان اور سندھ کیلئے ایل این جی 0.19 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مہنگی | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بلوچستان کے حقوق ومفادات کے تحفظ کیلئے تاریخ ساز فیصلے کئے، فرح عظیم شاہ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | سرسبز بلوچستان اور کوئٹہ ہم سب کی ضرورت ہے، نیاز خان کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر چیکنگ سخت کردی گئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | حب کے مسائل کا کیس عدالت کا تمام محکموں کو کارکردگی مزید بہتر بنانے کا حکم | سنچری ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان ہائی کورٹ چیئرمین پی سی بی کے انتخاب سے متعلق حکم امتناع واپس | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے شجرکاری ناگزیر ہے، مقررین | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | محرم الحرام کے دوران صفوں میں اتحاد واتفاق برقرار رکھا جائے، ایس ایس پی سبی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان اسمبلی مدت پوری ہونے پر ہی تحلیل کرنے کا فیصلہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | جعفرآباد میں ڈیجیٹائز اور کمپیوٹرائزڈ ریونیو ریکارڈ کا افتتاح | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | کوئٹہ میں کانگو وائرس کا ایک مریض زندگی کی بازی ہار گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | عوام تک ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی ترجیح، ڈی جی فوڈ اتھارٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | حکومت کی بے بسی کی وجہ سے بلوچستان میں بدامنی عروج پر ہے، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بلوچستان کے عوام آج بھی سی پیک سے محروم ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

لیویز تھانہ حرمزئی پر نامعلوم ملزمان کا دستی بم حملہ، جھل مگسی میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، بلیدہ، زیرتعمیر ڈیم کی مشینری نذر آتش، ڈرائیور اور آپریٹر کو اغواء کرلیا گیا، ہوٹل پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ ایک شخص زخمی ہوگیا، کوئٹہ 13 سالہ مغوی بچہ زخمی حالت میں بازیاب، سی آئی اے پولیس کی کارروائی ملزم گرفتار،

مورخہ 19-07-2023

## عوامی مسائل

ژوب بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ معمولات زندگی مفلوج، نوکنڈی ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈاکٹرز کی عدم تعیناتی سہولتوں کا فقدان، ڈیرہ مراد جمالی شرقی کے عوام دس سال گزرنے کے باجود گیس کی سہولت سے محروم،

## اداریہ:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **چینی کی وسیع پیمانے پر اسمگلنگ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گزشتہ تین چار برس سے ملک غذائی قلت کا شکار ہے خوش قسمتی سے چینی کا عنصر باقی بچا تھا جس کی پیداوار اور پلس اسمگلر، ذخیرہ اندوز اور منافع خور مافیا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے کمشنر پنجاب کی طرف سے صوبے کے ڈپٹی کمشنروں کو جاری مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ چینی کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے اور اسکی افغانستان اسمگنگ روکنے کی اقدامات کریں ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مختلف روٹوں سے ہفتے بھر میں تقریبا سات سوٹن چینی افغانستان پہنچائی جاتی ہے ان میں چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، پشین اور ژوب کے علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے، جہاں سے قانونی طور پر جانے والے تجارتی ٹرکوں میں چینی سے لدی ہوئی گاڑیاں بھی جانچ کے بغیر ہی کلیئر کردی جاتی ہیں،

## اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**صوبے میں پلاسٹک وفلیٹیبیگز استعمال کا مسودہ قانون منظور**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Green Bus in Quetta" عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**حب میں عمارتوں کی تعمیر، قوانین بالائے طاق**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**آرمی چیف کا دورہ ایران، دہشت گردی کے موثر ردارک کے لئے اتفاق رائے**" عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**صوبائی حکومت کی کامیابیاں**" عنوان سے ایس تنویر اختر کا مضمون تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Builet No. 1

DATE: 19 JUL 2023

Page No: 1


## حکومت ہنہ اوڑک میں نقصانات کے ازالہ کیلئے خصوصی پیکیج دے، گورنر

### تباہ کن بارشوں اور سیلابوں کی وجہ سے لوگ علاقہ چھوڑنے پر مجبور ہو چکے ہیں، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ گزشتہ برس مون سون کی تباہ کن بارشوں اور سیلاب سے جتنا نقصان صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے متصل وادی ہنہ اوڑک میں ہوا بلوچستان کے کسی دوسرے علاقہ میں نہیں ہوا، بدقسمتی سے وادی ہنہ اوڑک میں جتنے نقصانات ہوئے ایک سال گزر جانے کے بعد بھی ازالہ اور مالی امداد کو ترس رہے ہیں. لہلہاتے باغات اور قیمتی گھروں کو سیلابی پانی بہا لے گیا. پورے ہنہ اوڑک میں بجلی اور گیس کا نظام تہس نہس ہو چکا ہے لہذا ضروری ہے کہ موجودہ حکومت ہنہ اوڑک کے مکینوں کو تمام نقصانات کے ازالہ کیلئے خصوصی پیکیج دے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صاحبزادہ طاہر خان کاکڑ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہنہ اوڑک میں تباہ کن بارشوں اور سیلابوں کی وجہ سے لوگ علاقہ چھوڑنے پر مجبور ہو چکے ہیں. انہوں نے کہا کہ علاقے کے لوگوں کا عام طور پر گزر بسر باغات پر ہوتی ہیں لیکن سیلاب نے ان باغات کو تباہ و بربادی کر دیا. وفد نے گورنر بلوچستان کو وادی ہنہ اوڑک کے بے یار و مددگار لوگوں کے حالت زار بیان کرتے ہوئے کہا کہ اگر سرکار نے فوری طور پر مدد نہ کی ان کی بقاء کا مسئلہ پیدا ہو جائیگا. گورنر بلوچستان نے وفد کو یقین دلایا کہ امدادی کارروائیوں سے لیکر تعلیمی اور دیگر عمارات کی تعمیر و بحالی میں ہمارا ہر ممکن تعاون ساتھ رہیگا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 19 JUL 2023    Page No: 2


## وزیراعلیٰ بلوچستان سے اپوزیشن ارکان کی ملاقات، نگران سیٹ اپ پر مشاورت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن اراکین نے اہم ملاقات کی ملاقات میں آئینی تقاضے کے مطابق نگران سیٹ اپ کے قیام کے حوالے سے مشاورت کی گئی اور اتفاق کیا گیا کہ باہمی مشاورت سے نگران وزیراعلیٰ کے نام کا حتمی فیصلہ کیا جائیگا ملاقات میں طے پایا کہ مشاورت کے مزید دور بھی ہونگے۔

## وزیراعلیٰ بزنجو کی جانب سے ارکان اسمبلی کے اعزاز میں عشائیہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے منگل کی شب اپنی رہائش گاہ پر اراکین اسمبلی کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل صوبائی وزراء اور اپوزیشن جماعتوں بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) پشتونخوا میپ اور جمعیت علماء اسلام (ف) کے اراکین اسمبلی کے علاوہ قبائلی رہنما سردار علی حیدر محمد حسنی نے بھی عشائیہ میں شرکت کی وزیراعلیٰ نے اپنی رہائش گاہ پہنچنے پر عشائیہ کے شرکاء کا استقبال کیا اور ان سے بلوچی حال احوال کیا عشائیہ میں سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر بھی بات چیت کی گئی مہمانوں کی تواضع بلوچستان کے روایتی کھانوں سے کی گئی۔


MASHRIQ QUETTA


## عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی حکومت نے اہم کامیابیاں حاصل کیں

### ایسے عوامی نوعیت کے اقدامات کیے گئے جو بلوچستان اور اس کے عوام کے وسیع تر مفاد میں ہیں

### ریکوڈک منصوبے پر 8 ارب ڈالر کی ملک کی تاریخ کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہو رہی ہے

کوئٹہ۔ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی حکومت نے قلیل مدت میں اہم کامیابیاں حاصل کیں ہیں اور ایسے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 9 پر

عوامی نوعیت کے اقدامات کیے گئے ہیں جو بلوچستان اور اس کے عوام کے وسیع تر مفاد میں ہیں صوبائی حکومت نے ہر فیصلہ مفاد عامہ کے تناظر میں لیا ہے اور وفاقی سطح پر بھی صوبے کے حقوق کا بھرپور انداز میں دفاع اور تحفظ کیا ہے وزیراعلیٰ کی دانشمندانہ قیادت میں عوام دوست اقدامات کی نظیر ماضی میں نہیں ملتی کہ جب کسی بھی حکومت نے ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اتنی اہم کامیابیاں حاصل کی ہوں ریکوڈک مائنگ معاہدے میں صوبائی حکومت کی جانب سے اراکین صوبائی اسمبلی کیلئے ان کیمرہ بریفنگ کا اہتمام کیا گیا اور بلوچستان کابینہ کے اتفاق رائے سے ریکوڈک منصوبے کے معاہدے کی منظوری دی گئی حکومت بلوچستان کو معاہدے سے مجموعی طور پر 36 فیصد سے زائد مالی فوائد حاصل ہوں گے معاہدے میں بلوچستان کے تمام ٹیکسوں، رائلٹی اور سی ایس آر کا تحفظ کیا گیا ہے

## وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن اراکین کی ملاقات

### آئینی تقاضے کے مطابق نگران سیٹ اپ کے قیام بارے اہم مشاورت

### باہمی مشاورت سے نگران وزیراعلیٰ بلوچستان کے نام کا حتمی فیصلہ کیا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن اراکین نے اہم ملاقات کی ملاقات میں آئینی تقا...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 9 پر

ضے کے مطابق نگران سیٹ اپ کے قیام کے حوالے سے مشاورت کی گئی اور اتفاق کیا گیا کہ باہمی مشاورت سے نگران وزیراعلیٰ کے نام کا حتمی فیصلہ کیا جائیگا ملاقات میں طے پایا کہ مشاورت کے مزید دور بھی ہونگے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bulet No. 1 DATE: 19 JUL 2023 Page No: 3

# Bizenjo-led govt achieves several milestones

**Staff Report**

**QUETTA:** Under the leadership of Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo, the provincial government has achieved significant milestones in the wider interest of Balochistan and its people.

The provincial government has taken every decision in the context of public interest. And the rights of the province have been defended and protected at the federal level as well.

There is no precedent for people-friendly initiatives under the wise leadership of the Chief Minister in the past when any government has achieved such important achievements in a period of one and a half years.

An in-camera briefing was organized by the provincial government for the members of the Provincial Assembly on the Reko Diq Mining Agreement and the Balochistan Cabinet approved the Reko Diq project agreement.

All the taxes, royalties and CSR of Balochistan have been protected. This project will create 8 thousand employment opportunities. Reko Diq project is the largest investment in the history of the country of 8 billion dollars and without any investment.

Successfully, the government of Balochistan has a 25% share in the project, thus ensuring the protection of the jobs of the fishermen of the province, illegal trawling in the maritime boundaries of Balochistan has been fully addressed, while unnecessary check posts on the national highways have been eliminated.

Public and administrative measures such as ensuring public self-respect and respect during the checking process, restoring confidence in the public and law enforcement agencies, as well as payment of salaries to contract employees of BDA and communications, settlement of protest sit-ins through dialogue, promotion of political harmony and atmosphere of understanding in the province, easy access of general people and civilians to the Chief Minister Secretariat, speedy file work for approval of important provincial affairs from the Chief Minister.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 19 JUL 2023

Page No: 4


## الیکشن میں تاخیر کی باتیں بے بنیاد ہیں، مولانا عبدالواسع

**عام انتخابات 90 دن سے آگے جانے کا کوئی امکان نہیں، وفاقی وزیر**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت بلوچستان کے امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ عام انتخابات 90 دن سے آگے جانے کا کوئی امکان نہیں ہے تاخیر کی باتیں بے بنیاد ہیں مرکزی امیر نے الیکشن مہم شروع کرنے کی ہدایت کردی ہے جمعیت کی مرکزی شوریٰ کے اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے انتخابات میں جمعیت بھرپور حصہ لے کر کامیابی حاصل کرے گی وفاقی وزیر نے کہا کہ قومی اسمبلی اپنی مدت پوری ہونے پر تحلیل ہوجائے گی ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں وفاقی حکومت نے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تحسین ہے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات استوار کرنے سے ملک کی ترقی اور خوشحالی پر اچھے اثرات مرتب ہونگے۔


MASHRIQ QUETTA


## معاشرے کی بہتری کیلئے انفرادی کی بجائے اجتماعی کوششوں کو پروان چڑھانا ہوگا، ربابہ بلیدی

**رویوں میں تبدیلی لاکر معاشرے کی بہتری کو یقینی بنانے کیلئے ایڈز اور دیگر وبائی امراض میں مبتلا مریض سے نفرت کی بجائے مرض سے نفرت کرنی چاہیے**

**ہم نے جیلوں میں متعدد قیدیوں کی معائنہ کی اور آئی جی جیل خانہ جات کے ساتھ مل کر اس مرض میں مبتلا لوگوں کے مرض کی تشخیص کر کے علاج کی سہولت فراہم کی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ رویوں میں تبدیلی لا کر معاشرے کی بہتری کو یقینی بنانے کیلئے ایڈز اور دیگر وبائی امراض میں مبتلا مریض سے نفرت کی بجائے مرض سے نفرت کرنی چاہیے اور لوگوں میں شعور اجاگر کرنے کیلئے ہم سب کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکورٹی فورسز کے آفیسروں میں صلاحیتوں میں کوئی کمی نہیں انہیں جب بھی موقع ملا ہے انہوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اس لئے ہمیں معا........


بقیہ نمبر 59 صفحہ 9 پر


شرے کی بہتری کیلئے انفرادی کی بجائے اجتماعی کوششوں کو پروان چڑھانا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو یو این ڈی پی کے زیر اہتمام سیکورٹی فورسز کے ہمراہ پولیس لائن ہیڈ کوارٹر میں حامد شکیل صابر شہید ہال میں منعقدہ سیمینار سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پولیس سروسز آف پاکستان کے سابق اعلیٰ آفیسر ڈاکٹر سید کلیم امام (تمغہ امتیاز) ایڈیشنل آئی جی پولیس بلوچستان جواد ڈوگر، ڈی آئی جی پولیس کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر، ایچ آئی وی اسپیشلسٹ ڈاکٹر کے ڈی عثمانی، ایف آئی اے بلوچستان سرکل کے ڈائریکٹر احسان منظور اور ایڈیشنل ڈائریکٹر طارق خان نیگی، یو این ڈی پی کی میڈم بتول، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کے سابق صدر سینئر صحافی شہزادہ ذوالفقار، سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 19 JUL 2023 Page No: 6


# موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے شجرکاری ناگزیر ہے، مقررین

## زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہی انسانوں سمیت وائلڈ لائف کو بھی محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکتا ہے، پراجیکٹ ڈائریکٹر نیاز خان کاکڑ اور گوہر زینب کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام وائلڈ لائف پراجیکٹ کے ڈائریکٹر اور کنزرویٹر کوئٹہ سول ڈویژن نیاز خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سرسبز بلوچستان اور کوئٹہ ہم سب کی ضرورت ہے اس کی اہمیت و افادیت سے متعلق لوگوں میں شعور و آگاہی پیدا کرنا ہوگی۔ درختوں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں درختوں کے ذریعے ہی کوئٹہ کے ماحول کو آلودگی سے بچایا جاسکتا ہے زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہی ہم انسانوں اور وائلڈ لائف کو محفوظ بناسکتے ہیں اور ماحول میں بھی بہتری آئیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹی بی ٹی ٹی پی کے دفتر میں گرین اینڈ بلیو کوئٹہ منصوبے کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کا انعقاد ٹی بی ٹی ٹی پی وائلڈ لائف کمپونینٹ اور گرین اینڈ بلیو کوئٹہ پراجیکٹ کے مشترکہ تعاون سے ہوا۔ تقریب میں گرین اینڈ بلیو کوئٹہ کی مس گوہر زینب، امریکی قونصل جنرل کراچی کی نمائندہ فریحہ فاطمہ، کنزرویٹر ایم اینڈ ای ٹی بی ٹی ٹی پی وائلڈ لائف محمد نعیم جاوید محمد حسنی، شرجیل بلوچ، کوئٹہ آن لائن کے ضیا خان، جہانگیر ترین فرینہ خان و دیگر رضاکاروں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ کے کوآرڈی نیٹر بابر خان یوسفزئی اور امر الدین آغا تھے۔ پروگرام میں پراجیکٹ ڈائریکٹر ٹی بی ٹی ٹی پی وائلڈ لائف نیاز خان کاکڑ نے امریکی قونصل جنرل کی نمائندہ فریحہ فاطمہ و دیگر شرکاء کو ٹی بی ٹی ٹی پی پراجیکٹ سے متعلق بریفنگ دی اس موقع پر وائلڈ لائف ایکٹیویٹیز سے متعلق بھی آگاہی سیشن ہوا جس میں شرکاء کو وائلڈ لائف کی افادیت و اہمیت سے متعلق آگاہی دی گئی۔ تقریب میں نیاز خان کاکڑ اور شرجیل بلوچ نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کئے۔ نیاز خان کاکڑ نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہی ہم کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کو آلودگی سے پاک اور شہریوں اور جنگلی حیات کو بہترین ماحول فراہم کرسکتے ہیں کیونکہ درخت زمین کیلئے آکسیجن کا کام کرتے ہیں آکسیجن کی کمی اور گرد و غبار میں اضافے کے باعث مختلف امراض پھیل رہے ہیں اور کوئٹہ کا ماحول بھی آلودہ ہورہا ہے جس کی روک تھام وقت کی اہم ضرورت ہے جس کیلئے سول سوسائٹی سمیت معاشرے کے ہر فرد کو حکومت کا ساتھ دینا ہوگا شہریوں کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا کیونکہ درخت شہر بھر کیلئے مفید اور کارآمد ہیں شہریوں کی ذمہ داری ہے کہ حکومت اور سماجی تنظیموں کی جانب سے لگائے جانے والے درختوں و پودوں کی حفاظت اور انکی نگہداشت کریں اور ایک ذمہ دار اور تہذیب یافتہ شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ اس موقع پر گرین اینڈ بلیو کوئٹہ کی پراجیکٹ ڈائریکٹر زینب گوہر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد شہریوں کو موسمیاتی تبدیلیوں اور مضر اثرات سے متعلق عوام میں شعور پیدا اور شجرکاری کرنا ہے پراجیکٹ ٹیم نے کوئٹہ میں تقریباً 10000 درخت لگائے اور ان کی پرورش کی۔ ماحولیاتی شعور کی روح اور زیادہ پائیدار اور موسمیاتی لچکدار مستقبل کی طرف کمیونٹی کی ملکیت کے مضبوط احساس کو فروغ دیا۔ امریکی قونصلیٹ جنرل کی نمائندہ فریحہ فاطمہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گرین اینڈ بلیو کوئٹہ کیلئے ہم نے فنڈنگ کی جس کا مقصد ماحول کی بہتری تھی انہوں نے کہا کہ پراجیکٹ کی کامیابی اور شجرکاری میں نیاز خان کاکڑ کی جانب سے ہر طرح کا تعاون کیا گیا جو کہ باعث تحسین ہے اور ہم نیاز خان کاکڑ کے مشکور ہیں جن کے تعاون کی بدولت 10000 درختوں کا کوئٹہ میں لگانا ممکن ہوا۔ تقریب کے اختتام پر بابر خان یوسفزئی اور امر الدین آغا نے مہمانوں شرکا میں ٹی بی ٹی ٹی پی وائلڈ لائف کی جانب سے تحائف تقسیم کئے۔ اس موقع پر مہمانوں کو نیاز خان کاکڑ کی جانب سے شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔


Century Express Quetta


# بلوچستان اسمبلی مدت پوری ہونے پر ہی تحلیل کرنے کا فیصلہ

## حکومت کو اسمبلی تحلیل میں کوئی جلدی ہے نہ ہی ابھی تک کوئی فیصلہ ہوا

## نگران وزیر اعلیٰ اور کابینہ سے متعلق اپوزیشن کو اعتماد میں لیا جائیگا، ذرائع

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت کا حکومت کی مدت پوری ہونے پر ہی اسمبلی تحلیل کرنے کا فیصلہ، نگران وزیر اعلیٰ اور کابینہ کے حوالے سے اپوزیشن کو اعتماد میں لیا (باقی صفحہ 5 نمبر 15) جائیگا۔ حکومتی ذرائع نے بتایا ہے کہ بلوچستان حکومت نے اسمبلی تحلیل کرنے سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے نہ ہی حکومت کو اسمبلی تحلیل کرنے میں کوئی جلدی ہے، حکومت کی مدت پوری ہونے پر ہی اسمبلی تحلیل کی جائیگی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ صوبے میں نگران حکومت کے حوالے سے کوئی مشاورت نہیں ہوئی، نگران وزیر اعلیٰ اور کابینہ سے متعلق اپوزیشن کو اعتماد میں لیا جائے گا۔

# محرم الحرام کے دوران صفوں میں اتحاد و اتفاق برقرار رکھا جائے، ایس ایس پی سبی

## سیکورٹی کے موثر اقدامات کئے جائیں گے، سیکورٹی پلان ترتیب دیدیا، انجینئر یوسف کریم بھنگر کا اجلاس سے خطاب

سبی (نامہ نگار) ایس ایس پی سبی انجینئر یوسف کریم بھنگر نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران ضلع بھر میں سیکورٹی کے موثر اقدامات کئے جائیں گے۔ اس سلسلے میں سیکورٹی پلان تیار کرلیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے آفس میں عشرہ محرم کے دوران ماتمی جلوسوں امام بارگاہوں میں مجالس عزا کی سیکورٹی کے لیے بلائے گئے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈی ایس پی جھکرانی، ایس ایچ او سٹی مقصود اکبر سیلاچی ٹریفک سارجنٹ شریف خان ناصر مدینہ مسجد کے خطیب علامہ صوفی سلیمان نقش بندی مولانا یحییٰ خان، انجمن حسینیہ سبی کے سرپرست سید افتخار حیدر نقوی اور دیگر بھی موجود تھے۔ ایس ایس پی انجینئر یوسف کریم بھنگر نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام اور شرپسند عناصر کی بیخ کنی کے لیے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علما کرام کو ایک دوسرے سے تعاون کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس مہینے میں باہمی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا برقرار رکھنے کے لیے وسیع بنیادوں پر اقدامات کیے گئے ہیں تاہم اس سلسلے میں شہریوں، تاجر برادری اور خاص طور پر تمام مکاتب فکر کے علما کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ جو امن، سلامتی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مثالی اقدامات سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی آئی جی سبی رینج کی ہدایت پر سیکورٹی کے عملے کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ یوسف کریم بھنگر نے کہا کہ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 19 JUL 2023

Page No: 8


## محرم کے دوران سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے جائیں گے' ڈی سی سبی

**کوتاہی یا غفلت کا مظاہرہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا' منصور احمد قاضی کا اجلاس سے خطاب**

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی صدارت میں ضلعی امن کمیٹی کے ساتھ محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر وحید شریف عمرانی، اسسٹنٹ کمشنر سبی علی شاہ عباسی، اسپیشل برانچ کے پیر بخش سیلاچی، ڈی ایچ او ڈاکٹر اکبر سونگی، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر رفیق مستوئی، چیف آفیسر محب اللہ بلوچ، شیعہ کونسل کے سربراہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و علماء کرام نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے جائیں گے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے جلوس کے روٹس پر پولیس، ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے چاق و چوبند اہلکاروں کی ڈیوٹیاں لگائی جائیں گی انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت کا مظاہرہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ کی جائے گی کسی کو بغیر کارڈ یا پاس جلوس میں جانے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی کیمرے بھی شہر میں مختلف مقامات پر نصب کیے گئے ہیں جنکی نگرانی کنٹرول روم سے کی جائے گی انہوں نے کہا کہ خصوصا جلوس کے روٹس پر صفائی ستھرائی کے بہتر انتظامات کئے جائیں انہوں نے ایس ڈی او کیسکو علی بخش بگٹی کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران بجلی کی لوڈشیڈنگ سے اجتناب اور اوقات کار تبدیل کئے جائیں انہوں نے علماء کرام اور تمام مسالک سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ اس موقع پر مکمل اتفاق واتحاد کا مظاہرہ کریں۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7

DATE: 19 JUL 2023

Page No: 10


## گرین بس طلباء اور غریب افراد کیلئے وزیر اعلیٰ کا تحفہ ہے، کریم نوشیروانی

**اس بس سروس سے طلباء و طالبات، سرکاری ملازمین اور غریب طبقے کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا**

کوئٹہ (پ ر) سابق صوبائی وزیر اور بی اے پی کے رہنما کریم نوشیروانی نے اپنے بیان میں صوبائی دارالحکومت میں گرین بس سروس کے آغاز کو طلباء و طالبات، ملازم پیشہ افراد و غریب طبقے کیلئے وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی جانب سے گرانقدر تحفہ قرار دیا ہے، انہوں نے کہا کہ گرین بس سروس سے نہ صرف طلباء و طالبات بلکہ سرکاری ملازمین اور غریب طبقے کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ یہ بلوچستان میں ایک انقلابی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے اسکول ویگنوں، رکشوں اور بسوں کے کرائیوں پر پڑنے والے اثرات کو زائل کرنے کیلئے گرین بس بہترین ذریعہ ثابت ہوگی اور اس بس میں سفر کر کے یہ طبقہ کم کرائے میں 18 کلو میٹر تک سفر کر سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں غریب لوگوں کیلئے اسکول کے بچوں کی فیسیں بھرنا اور پھر انہیں اسکول اور کالجز تک پہنچانے کیلئے مہنگی کنوینس کا بندوبست کرنا انتہائی مشکل ہو گیا تھا۔ ٹیکسی و رکشوں کے کرائے آسمان سے باتیں کرتے ہیں۔ ایسے میں گرین بس سروس کا اجراء لوگوں کی زندگیوں میں سہولت لائیگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان دیگر صوبوں سے زیادہ متاثر ہے یہاں کوئی قابل ذکر کارخانہ ہے نہ روزگار کے مواقع۔ لوگ مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ ایسے میں گرین بس ان کیلئے ریلیف کا ذریعہ بنے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی مزید بسوں کی آمد سے دیگر روٹس پر بھی گرین بس چلائی جائے گی اور لوگوں کیلئے سفر آسان بنایا جائیگا۔


Century Express Quetta


## پچھلے الیکشن میں ہوئی دھاندلی کی مثال نہیں ملتی، مالک بلوچ

**جعلی مینڈیٹ سے اقتدار میں آنے والی حکومتوں پر غنودگی ہی طاری رہتی ہے**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، مرکزی سینئر نائب صدر میر کبیر احمد محمد شہی مرکزی نائب صدر سردار کمال خان بنگلزئی نے کلی بنگلزئی میں سید سفیر شاہ، محمد فاروق مینگل میر شادی خان بنگلزئی (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

کی قیادت میں سیاسی و سماجی شخصیات اور اتحاد کالونی کرانی روڈ میں حاجی میر عطاء اللہ زہری ملک نذیر اور حاجی دو' دشاہوانی کی سربراہی میں اہم شخصیات سے الگ الگ سیاسی نشستیں کیں۔ دونوں نشستوں میں تفصیلی مباحثہ ہوا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے قائدین نے کہا کہ نیشنل پارٹی کردار و عمل پر یقین رکھتی ہے اور اس کو کل اثاثہ سمجھتی ہے۔ جب سیاست میں کردار و عمل نہ ہو تو سیاست عبادت نہیں بلکہ مفادات نعرے بازی اور کرپشن بن جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2018 کے انتخابات میں جس انداز سے دھاندلی و خرید و فروخت کو بروئے کار لایا گیا اس کی مثال نہیں ملتی۔ جب انتخابات میں عوام کے مینڈیٹ کو چرایا جائے گا تو بلوچستان میں ایسے ہی حکومتیں بنیں گی جن پر غنودگی طاری رہتی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ سریاب قدیم آبادی اور سیاسی تحریک کی بنیاد ہے۔ عوام نے قوم پرست سیاست کا ہمیشہ ساتھ دیا اور انتخابات میں بھی قوم پرستوں کو مینڈیٹ دیا لیکن افسوس ہے کہ سریاب آج تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ سریاب کے عوام کو آج بھی پسماندہ رکھا گیا۔ عوام سے ووٹ لیکر عوام سے لاتعلق ہو گئے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ نیشنل پارٹی آئندہ انتخابات میں عوام کی طاقت سے کامیابی حاصل کریگی اور سریاب سمیت پورے بلوچستان میں گڈ گورننس اور تعمیر و ترقی کو یقینی بنائے گی۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر یونس بلوچ چیئرمین زبیر بلوچ علی احمد لانگو سعد دہوار بلوچ نعیم بنگلزئی بی ایس او پجار کے مرکزی وائس چیئرمین بابل ملک بلوچ میر عمران بنگلزئی عراف دہوار خلیل بلوچ اور سماجی شخصیات حاجی نور خان لہڑی جمال ناصر محمد شہی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4    DATE: 19 JUL 2023    Page No: 11

## بلیدہ : زیر تعمیر ڈیم کی مشینری نذر آتش، ڈرائیور اور آپریٹر کو اغواء کرلیا گیا

**لیویز نے مغویان کو بحفاظت بازیاب کرالیا، کالعدم تنظیم کی جانب سے تمام افراد کو منصوبے سے کنارہ کشی کی تنبیہ**

کوئٹہ (آن لائن) بلیدہ ضلع کیچ میں زیر تعمیر ڈیم پر کام کرنیوالی کمپنی کے کیمپ پر نامعلوم ملزمان نے حملہ کر کے بھاری مشینری کو نذر آتش کر کے ڈرائیور اور آپریٹر کو اغواء کرلیا لیویز فورس کے عملے نے بروقت اطلاع ملنے پر دونوں مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تحصیل بلیدہ ضلع کیچ میں کوتا پک ڈیم زامران کی تعمیر کرنیوالی نجی کمپنی کے کیمپ پر کالعدم تنظیم کی جانب سے حملہ کیا گیا اور مشینری کو نذر آتش کر کے نقصان پہنچا کر ڈرائیور اور آپریٹر کو اغواء کر کے لے گئے لیویز کے عملے نے واقع کی اطلاع ملنے پر بروقت کاروائی کرتے ہوئے دونوں مغوی ڈرائیور اور آپریٹر کو بحفاظت بازیاب کرالیا کالعدم تنظیم کی جانب سے مذکورہ منصوبے سے منسلک تمام افراد کو تنبیہ کی گئی کہ وہ پروجیکٹ سے کنارہ کشی اختیار کریں۔

## جھل مگسی میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی کے بی ایریا لنڈی بازار کوٹ مگسی کی دکان میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے بدل خان نامی شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔

MASHRIQ QUETTA

## لیویز تھانہ حرمزئی پر نامعلوم ملزمان کا دستی بم حملہ

**بم دروازے کے قریب زور دار آواز سے پھٹا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا**

**لیویز کے عملے نے واقعہ کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) لیویز تھانہ حرمزئی پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے پھینکا گیا دستی بم عقبی دروازے کے قریب گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم ......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 9 پر

کسی نقصان کی اطلاع نہیں ملی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب لیویز تھانہ حرمزئی پر نامعلوم ملزمان نے دستی بم پھینکا جو دروازے کے قریب گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا لیویز کے عملے نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی مزید کارروائی لیویز کا عملہ کر رہا ہے

## سی آئی اے پولیس کی کارروائی ملزم گرفتار

صحبت پور (یو این اے) انسداد منشیات مہم کے سی آئی اے پولیس کی کارروائی سالار بگٹی گرفتار ایک کلو سے زائد چرس برآمد مقدمہ درج تفتیش شروع پولیس کے مطابق اعلیٰ پولیس افسران کی ہدایت کی روشنی میں انسداد منشیات مہم کے دوران خفیہ اطلاع پر سی آئی اے ......... بقیہ نمبر 58 صفحہ 9 پر

سب انسپکٹر علی رضا نے ٹیم کے ساتھ ناکہ بندی کے دوران ملزم سالار بگٹی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ایک کلو پچاس گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر کے منشیات ایکٹ 2022 کے تحت مقدمہ درج کیا اور مزید تفتیش کی جارہی ہے سی آئی اے پولیس کی جانب سے اس طرح کی کارروائی کو عوامی حلقوں نے سراہا ہے

## ہوٹل پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ ایک شخص زخمی ہوگیا

صحبت پور (یو این اے) پولیس تھانہ صحبت پور کی حدود میں اے ون ٹی ہوٹل پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ ایک شخص ثمر شاہ زخمی ہوگیا۔ پولیس نے زخمی کو اسپتال منتقل ......... بقیہ نمبر 47 صفحہ 9 پر

کردیا۔ مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔ پولیس کے مطابق صحبت پور پولیس کی حدود پولیس چوکی 16 سے چند قدم فاصلے پر واقع ہوٹل اے ون ٹی پر موٹر سائیکل سواروں نامعلوم ملزمان نے جدید اسلحہ سے فائرنگ شروع کردی گولی لگنے سے سید ثمر شاہ زخمی ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوئے واقعہ کی اطلاع پر صحبت پور پولیس نے زخمی کو علاج معالجے کیلئے سول ہسپتال منتقل کردیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

## کوئٹہ، 13 سالہ مغوی بچہ زخمی حالت میں بازیاب

**اغوا کار نے بچے کو زنجیروں سے باندھ رکھا تھا، طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے خروٹ آباد میں تیرہ سالہ مغوی بچے کو زخمی حالت میں بازیاب کرالیا گیا۔ پولیس نے اغوا کار کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ ازبک بازار خروٹ آباد کے ایک مکان میں ایک بچے کو قید کر کے رکھا گیا ہے، جس پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور مکان کو گھیرے میں لے کر اندر داخل ہوئے۔ اس ......... بقیہ نمبر 49 صفحہ 9 پر

دوران اندر موجود ایک شخص نے پولیس کو دیکھتے ہی فائرنگ کی، تاہم پولیس نے اسے قابو کر کے پسٹل قبضے میں لے لی۔ مکان کی تلاشی لینے پر ایک کمرے میں زنجیروں میں جکڑا 13 سالہ بچہ زخمی حالت میں برہنہ موجود پایا، جسے باحفاظت بازیاب کرالیا گیا۔ بچے نے پولیس کو بتایا کہ اس کا نام صبور خان ولد شہباز خان ہے جو پشتون آباد کے علاقے خوشحال خان روڈ کا رہائشی ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Builet No. 5 DATE: 19 JUL 2023 Page No: 1/2


## ژوب: بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ، معمولات زندگی مفلوج

**شہری اذیت سے دوچار، سٹی فیڈروں پر 16 تا 18 جبکہ دیہی علاقوں میں 20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، دورانیہ کم کیا جائے، شہری**

ژوب (نامہ نگار) بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری، شدید گرمی میں یومیہ 16 تا 18 گھنٹے بجلی کی بندش سے شہریوں کا سکون غارت ہوگیا رپورٹ کے مطابق بجلی کی طویل اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شدت اختیار کر لی ہے شدید گرمی کے باوجود شہر کے فیڈروں پر یومیہ 16 تا 18 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 20 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے شہر کے تینوں فیڈرز پر رات 11 بجے سے صبح دس بجے تک مسلسل گیارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کا شیڈول مقرر کیا گیا ہے شدید گرمی اور مچھروں کی بہتات میں رات بھر شہری اذیت سے دوچار رہتے ہیں ہسپتالوں میں داخل مریض تڑپتے رہتے ہیں جبکہ دن کو بھی فراہم کئے اوقات میں دوپہر 2 تا 7 بجے لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے مقررہ اوقات کے ساتھ بمشکل چند گھنٹے فراہم کی جانیوالی بجلی کی سپلائی کسی بھی وقت بند بھی کی جاتی ہے طویل لوڈشیڈنگ پر منتخب نمائندوں نے پراسرار خاموشی اختیار کر لی ہے صاحب حیثیت گھرانوں نے شمسی سسٹم اور بیوی بیٹریاں لگا کر بجلی کی کمی پوری کر رہے ہیں جبکہ غریب شہری سخت مشکلات سے دوچار رہتے ہیں شہریوں نے کہا ہے کہ لوڈشیڈنگ سے کاروبار زندگی معطل ہونے کے ساتھ مشکلات میں بھی اضافہ ہوگیا ہے انہوں نے حکام بالا کی توجہ مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ شہریوں کے مشکلات کے پیش نظر لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کیا جائے۔

## نوکنڈی: ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈاکٹرز کی عدم تعیناتی، سہولتوں کا فقدان

**شہریوں کو علاج کیلئے دور افتادہ علاقوں کا رخ کرنا پڑتا ہے، ڈاکٹرز تعینات و دیگر سہولتیں فراہم کی جائیں، عوامی حلقے**

نوکنڈی (نامہ نگار) تفتان اور نوکنڈی کے عوام کیلئے واحد ٹی ایچ کیو ہسپتال میں میل وفیمیل ڈاکٹرز کی عدم تعیناتی ایکسرے مشین سمیت دیگر سہولیات کا فقدان ہے جسکی وجہ سے یہاں کے غریب مریضوں کو علاج معالجے کیلئے دالبندین یا دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے جو شدید مہنگائی میں جوئے شیر لانے کے مترادف ہے، ہسپتال پر نوکنڈی و تفتان اور آس پاس کے دیہات کا انحصار ہے طویل عرصے سے ڈاکٹرز کی تعیناتی عمل میں نہیں لائی گئی ہے علاوہ ازیں ایکسرے مشین سمیت دیگر امراض کی تشخیص کی کوئی سہولت بھی موجود نہیں ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے جہاں کارخانے اور فیکٹریاں لگائی جاتی ہیں وہاں کے عوام کے ساتھ فلاح و بہبود، علاج معالجہ، تعلیم، ابنوشی اور دیگر سہولیات کے معاہدے بھی کئے جاتے ہیں لیکن ضلع میں صحت و تعلیم و دیگر بنیادی سہولتوں سے عوام یکسر محروم ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہنگامی بنیادوں پر جدید سہولیات سے آراستہ ہسپتال کا قیام عمل میں لا کر ماہر ڈاکٹروں کی تعیناتی عمل میں لائی جائے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں تمام تر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈیرہ مراد جمالی شرقی کے عوام دس سال گزرنے کے باوجود گیس کی سہولت سے محروم

گیس کی عدم فراہمی پر عوام مہنگے داموں لکڑیاں خریدنے پر مجبور ہیں، کوئی سننے اور نوٹس لینے والا نہیں، ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، علامہ عبدالحکیم انقلابی

**شرقی ڈیرہ مراد جمالی میں گیس کی فراہمی کو ممکن نہیں بنایا اور لوڈشیڈنگ کو ختم نہیں کیا گیا تو سخت احتجاجی تحریک کا آغاز کیا جائے گا، ڈاکٹر محمد یاسین راز مینگل ودیگر**

نصیرآباد (نامہ نگار) بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیرآباد کے ہیڈکوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی شرقی میں دس سال گزرنے کے باوجود عوام گیس کی سہولت سے محروم چلے آرہے ہیں کوئی سننے اور نوٹس لینے والا نہیں ڈیرہ مراد جمالی شہر کے مختلف علاقوں میں تو گیس کا نام و نشان تک نہیں ہے شہر میں گیس کی پریشر کی کمی اور لوڈشیڈنگ کی شکایات کا کوئی ازالہ نہیں ہوسکا گیس کی عدم فراہمی پر عوام مہنگے داموں لکڑیاں خرید کر مجبوراً استعمال کر رہے ہیں شرقی ڈیرہ مراد جمالی میں گیس کی فراہمی کو ممکن نہیں بنایا گیا اور شہر میں گیس پریشر کی کمی اور لوڈشیڈنگ کو ختم نہیں کیا گیا تو سخت احتجاجی تحریک کا آغاز کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری سوئی سدرن گیس پر عائد ہوگی ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے اب اقدام مست قلندر ہوگا ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء پاکستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری علامہ عبدالحکیم انقلابی ضلعی صدر غلام مصطفیٰ کورار شرقی کو گیس دو تحریک کے سربراہ ڈاکٹر محمد یاسین راز مینگل معروف تاجر محمد نواز مینگل حاجی محمد نور مینگل جنرل کونسلر عبدالحمید ابڑو سمیت دیگر رہنماؤں نے صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ گیارہ سال گزرنے کے باوجود شرقی ڈیرہ مراد جمالی کے عوام کو گیس کی فراہمی ممکن نہیں ہو سکی ہے کئی بار احتجاج کرنے کے باوجود عوام کو گیس کی فراہمی نہ کرنا سراسر زیادتی اور ناانصافی ہے جس کو کبھی بھی برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ نصیرآباد ڈویژنل و ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی میں عوام کو گیس کی سہولت فراہم نہیں کرنا اچھا عمل نہیں ہے انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر میں صبح نو بجے سے پہلے گیس کی فراہمی پورے شہر کو بند کی جاتی ہے جس عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لوگ بغیر ناشتہ کیے اپنے دفاتر اور دکانوں کو چلے جاتے ہیں جبکہ مختلف علاقوں میں تو گیس کا نام و نشان تک نہیں ہے اور گیس کی پریشر میں بھی کمی کی شکایت موصول ہوئی ہیں لیکن ان مسائل کے حل کے لئے ابھی تک کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں کئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ ہیں ان کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے متعدد بار احتجاج مظاہرہ اور احتجاجی کیمپ بھی قائم کئے گئے ہیں مگر ابھی کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے ڈیرہ مراد جمالی کے ٹوٹل 44 وارڈ ہیں مگر کسی ایک ہی وارڈ میں مسلسل گیس کی فراہمی نہیں کی جارہی ہے کسی وارڈ میں گیس پریشر کا مسئلہ ہے تو کسی میں بالکل ٹھیک طریقے سے گیس نہیں آتا ہے کسی میں گیس کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ہے اور کسی وارڈ میں تو گیارہ سالوں سے گیس ناپید ہے انہوں نے کہا کہ احتجاج کے دوران ہمیں صرف تسلیاں دی گئی مگر ابھی کوئی عمل درآمد نہیں ہوا ہے انہوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ شرقی ڈیرہ مراد جمالی کو گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گیس پریشر کی کمی کو دور کیا جائے اور گیس کی لوڈشیڈنگ کو فوری طور پر ختم کر کے غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے بصورت دیگر سخت سے سخت احتجاج کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری سوئی سدرن گیس پر عائد ہوگی۔

## حب میں بلند عمارتوں کی تعمیر، قوانین بالائے طاق

بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں بلند و بالا عمارتوں کی تعمیرات میں تیزی آگئی ہے، تاہم ان عمارتوں میں پارکنگ سمیت دیگر سہولیات کا فقدان دیکھنے میں آیا ہے، جس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، یہ عمارتیں دردِ سر بننے کے ساتھ ساتھ شہر کی خوبصورتی اور عوام کی جان کے لیے بھی خطرات ہیں۔ بیشتر عمارتوں میں باہر نکلنے کے لیے ایک ہی راستہ ہے، اس کے علاوہ عمارتوں کی تعمیر سے قبل بوسیدہ عمارتوں کو گرانے کے بعد سڑکوں سے ملبہ بھی نہیں ہٹایا گیا، جو ایک الگ مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ عمارتوں کی بلندی کے لحاظ سے معیاری سامان بھی استعمال نہیں کیا جا رہا، ابھی ادارے خاموش ہیں، جب یہ عمارتیں بن کر بلڈر مافیا فروخت کرنے کے بعد فرار ہو جائیں گے تب ادارے اور عدالتیں ان کے خلاف کارروائیاں کرنا شروع کریں گی اور اس طرح شہریوں کو کروڑوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑے گا۔

کراچی جیسے بڑے شہر میں بھی کئی عمارتیں غیر قانونی قرار دے کر گرائی گئی ہیں لیکن جن شہریوں نے ان عمارتوں میں فلیٹ یا دکانیں خریدیں تھیں ان کا ازالہ آج تک نہیں ہو سکا۔ غریب عوام اپنے بچوں کے لیے چھت بنانے کے چکر میں اپنا اور بچوں کا پیٹ کاٹ کر مشکل سے ایک فلیٹ خریدتے ہیں اور بعد میں معلوم ہوتا ہے کہ عمارت غیر قانونی ہے، یا کسی بھی وجہ سے ادارے اسے گرانے آ جاتے ہیں۔ اس وقت کوئی ان محکموں کے افسران سے یہ نہیں پوچھتا کہ جب عمارتیں تعمیر ہو رہی تھیں اس وقت جانچ پڑتال کیوں نہیں کی گئی، میٹریل سے لے کر ہر مرحلے کی نگرانی اداروں کی ذمے داری ہے، نقشہ پاس کرنے والوں سے بھی کبھی نہیں پوچھا گیا کہ غیر قانونی نقشہ منظور کیسے ہو گیا۔ چیف جسٹس آف سپریم کورٹ کے حکم پر بہت سی عمارتیں گرائی گئی ہیں لیکن ان عمارتوں کے نقشے سے لے کر تعمیرات مکمل ہونے تک جتنی بھی این او سیز اداروں نے جاری کیں کسی ایک افسر کو بھی سزا نہیں دی گئی۔ زمین سے متعلقہ تمام اداروں میں رشوت ستانی کا بازار بڑے زور و شور سے چل رہا ہے، اسی وجہ سے جعلی دستاویزات اور غیر قانونی این او سیز مل جاتی ہیں بعد میں ان کے خلاف کارروائی کرنے بھی وہی ادارے کھڑے ہوتے ہیں اور اس طرح عوام کو اب تک اربوں روپے کا نقصان ہو چکا ہے۔

اراکین اسمبلی نے بھی اس حوالے سے اپنی ذمے داریاں بھی ادا نہیں کیں، آج تک ایسے قوانین نہیں بنائے گئے جن کے ذریعے جعل سازی میں ملوث افسران کو سخت سزائیں ہو سکیں، نیب قوانین بھی اتنے زبردست ہیں کہ ایک راشی افسر بڑے اطمینان سے اپنی حاصل کردہ رشوت میں سے دس یا بیس فیصد دے کر دوبارہ نوکری پر بھی بحال ہو جاتا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ جس نے رشوت کے عوض جعلی کام کیے اس کی اصل جائیداد بھی ضبط کر لینی چاہیے تاکہ آئندہ کسی کی جرات نہ ہو۔ جب تک کرپشن کے خلاف صحیح قانون سازی نہیں ہوگی تب تک کرپشن کا خاتمہ یا کمی ممکن نہیں ہے۔ یہاں تو حالت یہ ہے کہ اراکین اسمبلی کی اپنی جائیدادیں ان کی آمدنی سے مطابقت نہیں رکھتیں، ایک سابق وزیراعظم نے ایک بار ایک محفل میں کہا تھا کہ میری جائیدادیں میری آمدنی سے زیادہ ہیں تو تمہیں کیا؟ وہ ویڈیو بہت زیادہ عام ہوئی، اس کی تردید کرنا بھی انہوں نے گوارا نہیں کیا۔

عمارتوں کی تعمیر ایک انتہائی حساس کام ہے، اس میں لوگوں نے برسوں بعض اوقات کئی نسلوں نے اسی جگہ رہنا ہوتا ہے، اگر عمارتیں ہیں غیر معیاری ہوں، کراچی میں تو ایسا بھی ہوا ہے کہ دوران تعمیر ہی عمارت یا اس کا کچھ حصہ گر گیا، جس کے بعد بلڈر بیرون ملک فرار ہو گئے اور آج تک ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکی۔ یہ قانونی جھول جان بوجھ کر رکھے جاتے ہیں، تاکہ افسران کو بلیک میل کر کے اپنے بھی کام نکالے جا سکیں۔ پاکستانی قوانین میں اتنے جھول ہیں کہ چیف جسٹس شراب کی بوتل خود بھی پکڑ لیں تو اسے شہد ثابت کر دیا جاتا ہے، چھوٹے سے چھوٹے جرم سے لے کر قتل اور اربوں روپے کی کرپشن میں ملوث مجرم بآسانی رہا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اراکین اسمبلی بھی اپنے کام پر توجہ دیں اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بھرپور قانون سازی کریں، قوانین کو اتنا پیچیدہ نہ بنائیں کہ اس کا فائدہ مجرموں کو ہونے لگے، قانون سازی سادہ اور واضح ہونی چاہیے، ایسا نہ ہو کہ 90 روز میں انتخابات کی آئینی شق پر عمل درآمد کروانا بھی سپریم کورٹ کے بس کی بات نہ رہے۔ جب ملک کی اعلیٰ ترین عدالت بھی آئین پر عملدرآمد نہ کروا سکے تو اس کا واضح مطلب یہی ہے کہ ایسے آئین و قانون میں بہت سقم ہیں، انہیں دور کیا جائے اور ہر غیر قانونی کام کی روک تھام کو ممکن بنایا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 19 JUL 2023

Page No: 15

## چینی کی وسیع پیمانے پر اسمگلنگ

گزشتہ تین چار برس سے ملک غذائی قلت کا شکار ہے خوش قسمتی سے چینی کا عنصر باقی بچا تھا جس کی پیداوار سرپلس ہے لیکن اسمگلر، ذخیرہ اندوز اور منافع خور مافیا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ کین کمشنر پنجاب کی طرف سے صوبے کے ڈپٹی کمشنروں کو جاری مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ چینی کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے اور اسکی افغانستان اسمگلنگ روکنے کے اقدامات کریں۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مختلف روٹوں سے ہفتے بھر میں تقریباً سات سو ٹن چینی افغانستان پہنچائی جاتی ہے۔ان میں چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، پشین اور ژوب کے علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں سے قانونی طور پر جانے والے تجارتی ٹرکوں میں چینی سے لدی ہوئی گاڑیاں بھی چانچ کے بغیر ہی کلیئر کردی جاتی ہیں۔ وفاقی حکومت نے گزشتہ سیزن میں مل مالکان کے اصرار پر مجموعی طور پر اڑھائی لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی تھی۔ اس صورتحال میں اندرون ملک مقامی کھپت کے مطابق چینی کے ذخائر باقی رہ جاتے ہیں۔ عموماً منافع خور، ذخیرہ اندوز اور اسمگلنگ مافیا اس کا فائدہ اٹھاتا ہے اور رسد کم ہوجاتی یا مصنوعی قلت پیدا کرکے اس کی قیمتیں بڑھادی جاتی ہیں۔ واضح ہو کہ پانچ ماہ قبل بھی ایسی ہی صورتحال پیدا ہوگئی تھی اور چینی کے نرخ یک لخت 85 روپے سے بڑھ کر 160 روپے فی کلو تک جا پہنچے تھے جس پر حکومت نے چھاپے مار کر ذخیرہ شدہ چینی برآمد کروائی۔ یہ صورتحال اب دوبارہ درپیش ہے اور کوئٹہ، پشاور، لاہور اور کراچی سمیت چھوٹے بڑے شہروں میں اس کے نرخ 150 روپے فی کلو تک جا پہنچے ہیں اگر اسمگلروں، ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں سے قانون کے مطابق آہنی ہاتھوں سے نہ نمٹا گیا تو ممکنہ حالات پہلے سے بھی زیادہ گھمبیر ہوسکتے ہیں تاہم اب کی بار اقدامات عارضی نوعیت کے ثابت نہیں ہونے چاہئیں۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 19 JUL 2023 Page No: 17


## صوبائی حکومت کی کامیابیاں

ایس تنویر اختر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی حکومت نے مختصر مدت میں جو نمایاں کامیابی حاصل کیں اور عوامی خواہشات اور امنگوں کے مطابق بلوچستان کے حقوق و مفادات کے تحفظ کے لئے جو تاریخ ساز فیصلے کئے گئے ہیں انہیں صوبے کی سیاسی تاریخ میں طویل مدت تک یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعلیٰ کی دورس سوچ کے تحت خواہ وہ ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ ہو یا بلوچستان کے عوام کے روزگار کا تحفظ عوام کے روزگار اور انکی عزت نفس کی بحالی کے لئے غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ ہو یا صاف و شفاف بلدیاتی انتخابات اور مردم شماری کا انعقاد سرکاری امور کی برق رفتار انجام دہی یا سرکاری افسران پر غیر ضروری دباؤ کا خاتمہ یا افسران کی عزت نفس کا تحفظ ہو یہ وہ فیصلے ہیں جنکا ماضی کی حکومتوں میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا اور وہ حکومتیں ایسے جرات مندانہ فیصلے کرنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتی تھیں۔ ایک طرف موجودہ دور حکومت میں پی ایس ایل کے کامیاب نمائشی میچ اور 19 سال بعد قومی کھیلوں کا شاندار انعقاد کیا گیا جس سے بلوچستان کا مثبت امیج دنیا بھر میں اجاگر ہوا تو دوسری طرف پی پی پی موڈ کے ذریعہ بہت سے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز اور ای ٹینڈرنگ سرمایہ کاری کے فروغ کے منصوبے یہ سب وزیراعلیٰ کی قیادت کے مرہون منت ہیں۔ گزشتہ دو سالوں کے دوران وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ہمیشہ بلوچستان کے معاملات و امور میں ہر فورم پر ٹھوس اصولی اور جاندار موقف اختیار کیا اور کسی بھی قسم کے دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر اپنے موقف پر ڈٹے رہے انکے اس طرز قیادت کا اعتراف انکے اعلیٰ ظرف رکھنے والے سیاسی مخالفین بھی کرتے نظر آتے ہیں وزیراعلیٰ نے اپوزیشن کو دیوار سے لگانے کے منفی رجحان کا بھی خاتمہ کیا اور انکے حلقوں کے عوام کے لیے بھی خطیر ترقیاتی فنڈز فراہم کر کے برابری کی بنیاد پر صوبہ میں یکساں ترقیاتی عمل کو یقینی بنایا انکے دور حکومت میں دو بجٹ پیش کئے گئے جنہیں صوبے کی تاریخ کے متوازن اور عوام دوست بجٹ تسلیم کیا جاتا ہے ماضی میں بجٹ سیشن کے دوران ہنگامہ آرائی احتجاج اور دھرنوں کی روایات انکے بجٹ سیشن کے دوران بالکل بھی نظر نہیں آئی۔ وزیراعلیٰ نے اپنے خلاف تنقید کو بھی خندہ پیشانی سے لیتے ہوئے تنقید کرنے والوں کو سنا اور انکے موقف کی عزت کی اور نہ صرف گلے شکوے اور ناراضگیاں دور کیں بلکہ کسی بھی قسم کی انتقامی کاروائی یا غیر ضروری تنگ کرنے کے عمل کی حوصلہ شکنی کی۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے اپنے دو سالہ دور میں ماضی کے ادوار حکومت کے نامکمل منصوبوں کو بھی پایہ تکمیل تک پہنچایا جسکی مثال کوئٹہ گرین بس سروس بھی ہے۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سب کو ساتھ لیکر چلنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں اور انہوں نے اہم صوبائی امور کی انجام دہی اور پالیسی ساز فیصلوں میں جس طرح سے اپوزیشن اور سیاسی قیادت کو آن بورڈ رکھا انکی نظیر نہیں ملتی وزیراعلیٰ نے ہمیشہ معیاری اور تعمیری تنقید کا خیر مقدم کرتے ہوئے حکومتی کمزوریوں کو دور کیا اور سیاسی افہام و تفہیم کی فضا کے فروغ کے لیے اپنی سیاسی بصیرت اور قائدانہ صلاحیتوں کا استعمال کیا۔ وزیراعلیٰ نے زمینی حقائق کے مطابق حکومت امور سرانجام دیئے جبکہ انہوں نے نمود و نمائش اور مصنوعی چیزوں کو ترجیح دینے کے بجائے حقیقی مسائل کے حل پر زور دیا جس کی واضح مثال یہ ہے کہ کسی بھی ترقیاتی منصوبے کا افتتاح عوامی نمائندے نہیں بلکہ عوام میں سے کوئی کریگا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6 DATE: 19 JUL 2023 Page No: 19


# 9 * مئی، پاک فوج اور بلوچستان *


تحریر: طارق خان ترین


قارئین کرام 9 مئی کے دلخراش واقعات جس سے ملک دشمن عناصر نے بھرپور فائدہ اٹھانے کے ساتھ ساتھ عزیزان وطن کو لرزاں کر رکھ دیا۔ یوں محسوس ہوتا تھا کہ شاید ملک میں حالات اس بات کے متقاضی ہو کہ اب تو مارشل لا نہ صرف لگے گی بلکہ یہ مارشل لا باقی مارشل لاؤں سے بڑھ کر ایک بھیانک رخ اختیار کریگی۔ کیونکہ پہلے کی مارشل لائیں بیرونی معاملات کی خرابیوں کی وجہ سے ملک میں نافذ کر دیے گئے تھے اور تب کے اندرونی حالات بیرونی حالات سے قدرے بہتر تھی۔ مگر اس مرتبہ اندرونی خلفشار کو مصنوعی طور پر ایک شدت پسند جماعت نے اتنے بڑھا دیے تھے کہ ایک بھیانک مارشل لا کی بازگشت ہر زبان زد عام تھی۔ لوگ فتنہ پرور جماعت کے انتشار سے گھبرائے ہوئے تھے جس سے نتیجہ اخذ کیا جا رہا تھا کہ اب کے بار اگر مارشل لا لگی تو اس جماعت کے ساتھ جو کچھ ہونا ہے وہ تو ہونا ہی ہے بلکہ انکے ساتھ ساتھ باقی سیاسی پارٹیوں کے لئے بھی خیر کی توقع نہیں رکھی جا رہی تھی۔ ملکی معاشی ابتری، سیاسی عدم استحکام، معاشرتی توازن میں بگاڑ، اخلاقی حدود کو پامال کر کے تمام حدیں پار کرنا، غربت کی چڑھتی ہوئی لکیریں، بیروزگاری، مہنگائی سب کے سب بے لگام ہونے کے باوجود بھی سب ٹھیک ہے کا نارہ لگا کر عوام کو جھوٹی تسلیاں 2018 کے الیکشن سے لیکر 10 اپریل 2022 تک ایک جماعت کی طرف سے دی جا رہی تھی۔ جس پر قومی اسمبلی میں عدم اعتماد کی تحریک لائی گئی اور کامیاب ہو کر اس جماعت کو حکومت سے آئینی طور پر نکال دیا گیا۔ پھر PDM کی حکومت آئی اور حسب روایت بڑے بڑے دعوے کر کے عوام کو جھوٹی تسلیاں دیتی ارہی ہے مگر تب کے حالات سے لیکر ابھی تک بہتری تو دور کی بات ہے البتہ خرابیاں ہے کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی۔ یہ بات درست ہے کہ اس متعصب جماعت نے ملکی تاریخ کے کل قرضوں کا نصف حصہ صرف 3 سال اور چند مہینوں میں حاصل کیا جس سے بجائے بہتری کے ملک کے معاشی حالات تباہی کے منظر پیش کرنے لگے۔ حکومت میں رہتے ہوئے سائفر کا خط عوام کو بے وقوف بنانے کے لئے ہواؤں میں لہرائے گئے جس پر کہا گیا کہ میری حکومت کو امریکہ ختم کر رہی ہے جسکا ثبوت یہ سائفر ہے، اور حکومت سے نکالنے کے بعد اپنے بیانیے سے یوٹرن لیتے ہوئے ایک امریکی فرم کی خدمات 23 مارچ 2023 کو خود ساختہ معاملاتی بگاڑ کو درست کرنے کے لئے حاصل کر لئے۔ نہ صرف بلکہ اس کے ساتھ ساتھ مختلف امریکی کانگرس مین سے بالواسطہ رابطہ کرتے ہوئے جماعت کی ساکھ کو بچانے کے لئے منت ترلے کرنا شروع کر دیے گئے جو کہ براہراست پاکستان میں مداخلت کے مانند ہے۔ بہرحال امریکہ، اقوام متحدہ، عرب ممالک وغیرہ جہاں ان سب سے کچھ نہ بنا تو اپنے ہی کیے ہوئے جرائم کے بنا پر 9 مئی کو گرفتار ہوئے تو ایک پری پلان منصوبہ بندی کے تحت ملک میں انتشار پھیلانے کی مضموم کوشش کی۔ جس میں جناح ہاؤس لاہور، کور کمانڈر آفس کے ساتھ ساتھ ہمارے قومی ہیروز کے مجسمے اور دیگر قومی املاک کو نقصان پہنچایا گیا۔ جو دشمن کی سالوں سے کوشش تھی کہ یہ سب ہو انکی طرف سے، وہ سب ایک لمحے میں اس شدت پسند جماعت کے حامیوں نے کر ڈالا جس پر افسوس کے جیسے الفاظ بہت چھوٹے ہیں۔ ہمارے دفاعی اداروں کی جانب سے اس دن خاموش رہنا ایک بہت بڑی حکمت تھی جسکا مقصد یہ تھا کہ خدا نخواستہ وہ جو ایک منصوبہ بندی تھی کہ عوام کو فوج کے سامنے لا کھڑا کر دو کے جیسے حالات پیدا نا ہو، اگر فوج سامنے ہوتی تو اللہ نا کردہ بہت سے معاملات ہمارے ہاتھوں سے نکل جاتے جس کے کئے بیرونی طاقتیں تیار ہو کر بیٹھی ہوئی تھی۔ اس حکمت عملی کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ ان تمام تر شدت پسندانہ اقدامات کے تمام تر ثبوت ہمارے دفاعی انٹیلیجنس ایجنسیوں کے پاس ہے اور تمام تر ملزمان کا ٹرائل فوجی عدالتوں میں ہو رہا ہے، مگر افسوس اس امر پر ہے کہ ابھی تک اس منصوبہ بندی کے ماسٹر مائنڈ کا آزاد پھرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ تو جس دن 9 مئی کو شدت پسند جماعت کی طرف سے انتشار کو ایندھن فراہم کی جا رہی تھی اسکے اگلے دن سے محب وطن، اسلام پسند اور ایک خوددار اور ذمہ دار قوم اپنی فوج کے ساتھ یکجہتی کرنے کے لئے سڑکوں پر نکل ائی۔ نہ پنجاب اس سے رہا، نہ سندھ، خیبر پختون خواہ اور نا ہی بلوچستان کے باسی پیچھے رہیں۔ ملک کے تمام تر ضلعوں، تحصیلوں، قصبوں اور دیہات کے لوگوں نے اپنی فوج کے ساتھ والہانہ محبتوں کا اظہار کیا بلکہ اس کے ساتھ مطالبہ کیا کہ جو بھی شرپسند عناصر 9 مئی کے واقعے میں ملوث ہے، ان سب کو گرفتار کر لیا جائے اور قرار واقعی سزا دی جائے۔ ان سب میں بلوچستان کے لوگوں کا اپنے دفاعی اداروں کے ساتھ محبت کا رشتہ سر چڑھ کر بول رہا تھا۔ بلوچستان میں جہاں ہر طرف نوجوان مایوسیوں کے شکار ہے، جہاں پر پسماندگی، غربت، بے روزگاریوں کا ہمیشہ بول بالا رہا ہے وہاں پر اپنی افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہونا ایک بہت بڑی تبدیلی ہے۔ ایک ایسا صوبہ جس پر ہمیشہ سے اغیار کی آنکھیں لگی ہو، جس پر بھارت کی جانب سے مختلف قسم کے پروپیگنڈے کئے جاتے ہو، جسکے ساتھ افغانستان جیسا ملک ہمسایہ ہو جہاں پر جنگ ہی جنگ کا سماں کئی دہائیوں سے رہا۔ ان سب کے باوجود ایسے صوبے کے لوگ کتنے محب وطن ہے بہت بڑی زیادتی ہوگی اگر بلوچستان کے لوگوں کی تعریف نہ کی جائے۔ برسراقتدار باپ پارٹی، تحریک جوانان پاکستان و کشمیر جو کہ ایک ابھرتی ہوئی نوجوانوں کی ایک تحریک ہے نے ہزاروں لوگوں پر مشتمل ریلی کا انعقاد کیا جس کی قیادت تحریک کے چیئرمین عبداللہ حمید گل نے کی۔ ریلی کے قیادت میں صوبائی صدر سحر گل خلجی بھی بہ نفس نفیس شامل تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں بسنے والے اقلیتی برادری کی طرف سے بھی ایک شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت بھی عبداللہ حمید گل نے کی۔ شرکا نے سبز ہلالی پرچم اٹھا کر وطن سے محبت اور پاک فوج سے یکجہتی کا والہانہ اظہار کیا، جہاں عبداللہ حمید گل نے خطاب میں کہا کہ ریاست کی قیمت پر سیاست کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی، پاک فوج کے غازی اور شہدا ہماری فخر ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے طول و عرض میں فوج کی شایان شان ریلیاں نکالی گئی جس میں ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کرتے ہوئے ملک دشمن عناصر کو ایک مضبوط پیغام دیا گیا کہ بلوچستان کی عوام اپنے دفاعی اداروں کے ساتھ ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

DATE: 19 JUL 2023

Page No: 20

# Green Bus Service

At last, the Balochistan government was able to launch Green Bus Service in Quetta on Monday. In this regard a fleet of eight eco-friendly buses were launched in Quetta, making it the government's first-ever inter-city bus service. The buses, part of the Green Bus Service, will be operated on a public private partnership (PPP) mode. The service was inaugurated not by a minister or bureaucrat but by a common man who was invited to cut the ribbon by Chief Minister Abdul Quddus Bizenjo. According to Chief Secretary Balochistan, Abdul Aziz Uqaili the government has initially purchased eight buses to provide modern travelling facilities to the people of Quetta. Soon, the number would be increased to 20 to cover more routes in the provincial capital. He said the project was initiated during the tenure of former chief minister Jam Kamal Khan Alyani. Initially, the buses would ply between BUITEMS and Balochistan University covering a distance of 18.7km with 18 stops. The fare for one-side has been fixed at Rs30, which is lower than Rs50 charged by private transporters. The air condition buses will have designated seats for disabled persons and women and each bus has a capacity of 30 passengers. The launch of Green Bus Service is in fact one of the commendable measures taken by the incumbent government to provide cheap and comfortable transportation service to public within the city. However, 8 buses will only cover 10 per cent of the city while in rest of the areas of the city, the very old and obsolete buses are plying. Traveling in these old buses is not less than an ordeal. Surprisingly, private transporters who are plying those dilapidated buses on different rent routes are strongly opposing the new servic It is also regrettable that these unn obsolete buses are given fitness certificate by transport department. It is essential that the government must negotiate with old bus owners to address their reservations about the Green Bus Service. The old buses must be replaced with new Green Buses and the government should take prompt steps to complete road projects on Sariab Road, Double road and Sabzal Road to start Green Bus Service for the public. This new environment friendly service is more than a gift for the residents of Quetta therefore, it is also the responsibility of the citizens to play their part in properly using this service. Likewise, the authorities concerned must also pay attention in properly managing and maintaining this service in a proper way.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Builet No.________ DATE: 19 JUL 2023 Page No:________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے سابق رکن اسمبلی یاسمین لہڑی ملاقات کررہی ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ایڈووکیٹ نصیب کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے صاحبزادہ طاہر کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 19 JUL 2023 Page No:________



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بزنجو کے عشائیے میں اسپیکر جمالی، ڈپٹی اسپیکر، وزراء اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان شریک ہیں

MASHRIQ QUETTA



وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اپنی جانب سے دیے گئے عشائیہ میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی، ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل، صوبائی وزراء اور اپوزیشن جماعتوں کے اراکین سے مصافحہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 19 JUL 2023 Page No:________



صوبے میں آٹے اور چینی کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں صوبائی ٹاسک فورس برائے انسداد اسمگلنگ اجلاس کی صدارت چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بذریعہ وڈیو لنک کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ DATE: 19 JUL 2023 Page No:______



صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سیکرٹریٹ
میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر نور محمد دمڑ اور ارکان اسمبلی پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ عمران گچکی سے ملاقات کررہے ہیں



اسپیکر جمالی سے صوبائی وزیر صالح بھوتانی ودیگر ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: ڈاکٹر کلیم امام ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، چیئرپرسن ویمن پارلیمنٹرین فورم بلوچستان کو سوونیئر پیش کررہے ہیں